# 17-10-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ ریاستی نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکا نے مرکز کی بی جے پی حکومت پر الزام عائد کیا ہے کہ وہ پسماندہ طبقات (BCs) کو 42 فیصد ریزرویشن فراہم کرنے کے لیے قانون سازی میں رکاوٹ ڈال رہی ہے۔

۲۔ ریاستی حکومت نے سنگارینی ورکروں کے لئے 400 کروڑ روپے کے دیوالی بونس کا اعلان کیا۔

۳۔ کپاس کسانوں کیلئے بہت جلد ایک نیا موبائل ایپ لانچ کیا جائے گا تاکہ خرید و فروخت کے عمل میں درمیانی آدمی کی مداخلت کو کم کیا جا سکے۔

اور

۴۔ تلنگانہ حکومت نے آج ریاست بھر میں مفت مچھلی کے بچے تقسیم کرنے کی اسکیم کا آغاز کیا ہے۔

BHATTI:

ریاستی نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکا نے مرکز کی بی جے پی حکومت پر الزام عائد کیا ہے کہ وہ پسماندہ طبقات (BCs) کو 42 فیصد ریزرویشن فراہم کرنے کے لیے قانون سازی میں رکاوٹ ڈال رہی ہے۔ آج کھمم میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ریاستی حکومت بی سی طبقات کو 42 فیصد ریزرویشن دینے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریاستی حکومت نے بارہا تحریری طور پر صدرِ جمہوریہ اور وزیراعظم سے ملاقات کے لیے کل جماعتی وفد کو اجازت دینے کی درخواست کی، لیکن تاحال کوئی جواب موصول نہیں ہوا۔ بھٹی وکرامارکا نے تمام سیاسی جماعتوں اور متعلقہ تنظیموں سے اپیل کی کہ وہ بی جے پی کے رویے کے خلاف کل ہونے والے تلنگانہ بند کی حمایت کریں۔

انہوں نے مرکزی وزراء کشن ریڈی، بنڈی سنجے کمار اور بی جے پی ریاستی صدر رام چندر راؤ سے اپیل کی کہ وہ وزیر اعظم اور صدر سے ملاقات کے لیے وقت دلوانے میں پیش قدمی کریں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ اے ریونت ریڈی سمیت تمام جماعتیں دہلی جانے کو تیار ہیں اگر بی جے پی اس معاملے میں پہل کرے۔

DGP:

ڈائرکٹر جنرل پولیس شیوادھر ریڈی نے تمام سیاسی جماعتوں سے اپیل کی ہے کہ کل کا تلنگانہ بند پُرامن طریقے سے منایا جائے۔ آج جاری کردہ ایک بیان میں ڈی جی پی نے کہا کہ اگر بند کے نام پر کوئی ناخوشگوار یا غیر قانونی حرکت کی گئی تو پولیس سخت کارروائی کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ پولیس صورتحال پر مسلسل نظر رکھے گی اور تمام سیاسی جماعتوں کو ذمہ داری کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔

NOMINATION:

کانگریس امیدوار نوین یادو نے آج جوبلی ہلز اسمبلی ضمنی انتخاب کے لیے اپنے کاغذات نامزدگی داخل کیے۔ اس موقع پر ریاستی وزیر پونم پربھاکر، جی ایچ ایم سی کی میئر وجیالکشمی اور دیگر قائدین ان کے ہمراہ تھے۔

HYD PARADE:

انڈین پولیس سروس (IPS) کے 77 ویں بیچ نے سردار ولبھ بھائی پٹیل نیشنل پولیس اکیڈمی، حیدرآباد میں اپنی ابتدائی تربیت مکمل کر لی ہے۔ پریڈ میں 174 زیرتربیت افسران نے حصہ لیا، جن میں 62 خواتین اور 16 دوست ممالک کے پولیس افسران شامل تھے۔ بارڈر سیکیورٹی فورس (BSF) کے ڈائرکٹر جنرل، دلجیت سنگھ چودھری نے پریڈ کا معائنہ کیا۔ زیرتربیت افسران سے خطاب کرتے

ہوئے انہوں نے کہا کہ پولیس نے 'آپریشن سندور' کے دوران دیگر سیکیورٹی فورسز کے ساتھ قریبی تعاون سے کام کیا۔ انہوں نے کہا کہ جب ملک کو بڑے چیلنجز کا سامنا ہوتا ہے تو پولیس اکیلی نہیں کھڑی ہوتی، بلکہ دیگر فورسز کے ساتھ مل کر اپنا کردار ادا کرتی ہے۔

HYDRAA:

آج آصف نگر کے کلثوم پورہ علاقہ میں ایک بڑی تجاوزات مخالف کارروائی کے دوران HYDRAA نے تقریباً 1.30 ایکڑ قیمتی سرکاری اراضی کو ناجائز قبضے سے ہٹادیا۔ جس کی مالیت 110 کروڑ روپے بتائی گئی ہے۔ یہ کارروائی حیدرآباد کے کلکٹر اور HYDRAA کمشنر اے وی رنگاناتھ کی ہدایت پر کی گئی۔ حکام نے اشوک سنگھ نامی شخص کی طرف سے قبضہ کی گئی زمین پر تعمیر کیے گئے غیر قانونی شیڈز کو منہدم کردیا، جنہیں وہ مورتیاں بنانے والوں کو کرائے پر دے رہا تھا۔ یہ زمین سروے نمبر 50 میں واقع ہے، جسے HYDRAA اور ریونیو حکام نے جانچ پڑتال کے بعد سرکاری ملکیت قرار دیا۔ شہر کی سول عدالت نے پہلے ہی ایک مقدمے میں اس زمین کی ملکیت حکومت کے حق میں طے کی تھی، جسے اشوک سنگھ نے چیلنج کیا تھا۔ واضح رہے کہ اس سے قبل بھی زمین کئی بار خالی کرانے کی کوششیں کی گئی تھیں، لیکن اشوک سنگھ قبضہ برقرار رکھے ہوئے تھا اور اس دوران سرکاری افسران پر حملہ بھی کیا گیا تھا۔

SHIVRAJ - MEETING

مرکزی وزیر زراعت شیوراج سنگھ چوہان نے آج ایک اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کی، جس میں 'خود کفالت برائے دالیں مشن' اور پردھان منتری دھن-دھانیا کرشی یوجنا پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ انہوں نے ہدایت دی کہ ان اسکیموں کو مقررہ وقت میں زمینی سطح پر نافذ کیا جائے۔ شیوراج

سنگھ آنے والے دنوں میں 11 مرکزی وزارتوں کے وزراء کے ساتھ ملاقات کریں گے تاکہ اسکیم کے تیز تر نفاذ کو یقینی بنایا جا سکے۔انہوں نے کہا کہ ان اقدامات کے بروقت نفاذ سے کسانوں کو براہِ راست فائدہ پہنچے گا۔

FISH:

ماہی گیروں کی روزی روٹی کو مضبوط بنانے کے لیے تلنگانہ حکومت نے آج ریاست بھر میں مفت مچھلی کے بچے تقسیم کرنے کی اسکیم کا آغاز کیا ہے۔ریاستی وزراء دامودر راج نرسمہا اور واکتی سری ہری کے ساتھ تلنگانہ اسٹیٹ فشریز کارپوریشن کے چیرمین میٹو سائی کمار نے ضلع نارائن پیٹ کے مکتھل حلقے میں سنگم بندہ ذخیرہ آب میں مچھلی کے بچے چھوڑ کر اسکیم کا آغاز کیا۔اس منصوبے کے لیے حکومت نے 122.22 کروڑ روپے کی ریکارڈ رقم مختص کی ہے، جو سو فیصد سبسڈی پر مبنی ہے۔ایسی اسکیم ملک میں پہلی بار شروع کی گئی ہے۔اس کے تحت ریاست کی 46,000 آبی ذخائر میں 84 کروڑ مچھلی کے بچے اور 10 کروڑ جھینگے (پراون) کے بچے چھوڑے جائیں گے۔ان میں مختلف اقسام کی مچھلیاں شامل ہیں۔حکام کا کہنا ہے کہ اس اقدام سے براہِ راست پانچ لاکھ ماہی گیر خاندانوں کو روزگار ملے گا، جبکہ چار لاکھ خاندان بالواسطہ مستفید ہوں گے۔

PONGULETI:

ریاستی وزیر برائے ریونیو پی سرینواس ریڈی نے اعلان کیا ہے کہ تلنگانہ حکومت زمینوں کے نظم ونسق کو بہتر بنانے اور کسانوں و عوام کو موثر خدمات فراہم کرنے کے لیے ہر منڈل میں لائسنس یافتہ سروے افسران تعینات کرے گی۔یہ لائسنس اتوار کو شیلپا کلا ویدیکا میں وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کی جانب سے تقسیم کیے جائیں گے۔ریونیو سکریٹری ڈی ایس لوکیش کمار اور سروے کمشنر راجیور گاندھی

ہنومانت کے ساتھ ایک جائزہ اجلاس میں گفتگو کرتے ہوئے وزیر نے کہا کہ اس اقدام کا مقصد گاؤں کی سطح پر ریونیو نظام کو مضبوط کرنا ہے۔ بھو بھارتی قانون کے تحت زمین کے سروے نقشے جمع کرانے کی لازمی شرط کے بعد، محکمہ سروے کا کردار مزید متحرک ہو جائے گا۔

COTTON:

مرکزی وزیر برائے کوئلہ و کانکنی جی کشن ریڈی نے آج کپاس کی کاشت کو فروغ دینے اور کسانوں کو مناسب منافع یقینی بنانے کے لیے کئی اقدامات کا اعلان کیا۔ حیدرآباد کے کاواڈی گوڑہ میں واقع سی جی او ٹاورز میں میڈیا کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کپاس کی خریداری کے لیے ملک بھر میں یکساں اصول نافذ کیے جا رہے ہیں۔ اس عمل میں ریاستی محکمہ زراعت، کاٹن کارپوریشن آف انڈیا (CCI) اور مرکزی ایجنسیاں باہمی رابطے سے کام کر رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 600 کروڑ روپے کے پروگرام کے تحت پیداوار بڑھانے کے لیے سائنسی اور تکنیکی طریقے اپنائے جا رہے ہیں، جیسے کہ مہاراشٹر کے اکولہ میں کامیاب ہائی ڈینسٹی پلانٹنگ میتھڈ۔ یہ طریقے اب تلنگانہ میں بھی رائج کیے جائیں گے۔ انہوں نے بتایا کہ ریاست کے 122 خریداری مراکز دیوالی کے بعد کام شروع کریں گے۔ ایک نئی موبائل ایپ بھی لانچ کی جائے گی، جس سے کسان براہِ راست کپاس کی خرید و فروخت بآسانی کر سکیں گے، جس سے بیچ کے دلالوں کی مداخلت کم ہو جائے گی۔ انہوں نے جعلی بیج اور جننگ ملز یا بروکروں کی جانب سے کی جانے والی بے ضابطگیوں پر سخت کارروائی کی یقین دہانی کرائی۔

KTR:

بی آر ایس کے کارگزار صدر کے تارک راما راؤ نے آج ضلع سنگاریڈی کے سلطان پور میں واقع

تلنگانہ میڈیکل ڈیوائسز پارک میں ہویئل (Huwel) کمپنی کی جانب سے قائم کردہ نئی کیمسٹری لیب کا افتتاح کیا۔اس موقع پر شانتھا بایوٹیک کے مینجنگ ڈائریکٹر ورا پرسادریڈی، ہویئل کے مینجنگ ڈائریکٹر اور کمپنی کے عملے نے بھی شرکت کی۔اپنے خطاب میں کے ٹی آر نے کہا کہ میڈیکل ڈیوائسز پارک BRS حکومت کے دور میں قائم کیا گیا، جس کا مقصد درآمدات پر انحصار کم کرنا اور عوام کو سستا علاج فراہم کرنا ہے۔

SINGARENI:

نائب وزیر اعلیٰ ملو بھٹی وکرامارکہ نے سنگارینی ورکروں کے لئے 400 کروڑ روپے کے دیوالی بونس کا اعلان کیا۔ کھمم میں ایک پریس کانفرنس کے دوران بھٹی وکرامارکہ نے کہا کہ یہ دیوالی بونس اس بات کی علامت ہے کہ حکومت کام گاری طبقہ کی فلاح بہبود کے عہد کی پابند ہے۔انہوں نے کہا کہ سنگارینی کے ورکرس ملک کے توانائی شعبہ کیلئے ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں۔

WEAHTER:

تلنگانہ میں آئندہ پانچ دنوں کے دوران تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات نے اپنی رپورٹ میں بتایا کہ گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران ریاست کے ایک یا دو مقام پر بارش ہوئی ہے۔

SURRENDER:

چھتیس گڑھ میں مزید 210 ماؤنوازوں نے ہتھیار ڈال دئے ہیں۔ممنوعہ تنظیم کی سنٹرل کمیٹی کے رکن ٹی واسودیوا راؤ عرف آشنا عرف بھوپیش کے ہمراہ ماؤنوازوں نے چھتیس گڑھ کے وزیر اعلیٰ وشنو دیوسائی کی موجودگی میں بستر ضلع کے ہیڈکوارٹر جگدل پور میں سیکورٹی فورسس کے سامنے

خودسپردگی کی۔ ماؤنوازوں نے 19 اے کے 47 رائفلس، 23 انساس رائفلس، 11 بیرل گرینٹ لانچس سمیت 153 ہتھیار حوالہ کئے۔

GST

تلنگانہ کے جگتیال ضلع سے تعلق رکھنے والی ایک ٹیچر ونیتا نے آکاش وانی کو دیے گئے ایک انٹرویو میں بتایا کہ انہیں جی ایس ٹی 2.0 اسکیم کے تحت دو پہیہ گاڑی خریدنے پر 6,000 روپے کا فائدہ حاصل ہوا ہے۔ یہ اسکیم مرکزی حکومت کی جانب سے متعارف کرائی گئی ہے، جس کا مقصد عام شہریوں کو براہِ راست مالی فوائد فراہم کرنا اور خریداری کو آسان بنانا ہے۔

Sound Byte.

OO